خالد پبلک ہائی سکول ہارون آباد

تقریر.برائے جماعت تھری

اطل سے دبنے والے اے آسمان نہیں ہم

"سو بار کر چکا ہے تو امتحاں ہمارا

محترم صدر، معزز اساتذہ کرام اور پیارے ساتھیو

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ۔

آج میں آپ کے سامنے ایک عظیم مسلمان سپہ سالار "شیر میسور ٹیپو سلطان" کے بارے میں تقریر پیش کرنا چاہتا/چاہتی ہوں۔

: ٹیپو سلطان.برصغیر کے ایک بہادر، ذہین اور انصاف پسند حکمران تھے۔آپ نے انگریزوں کے خلاف آزادی کی جنگ لڑی اور کبھی جھکنے کا نام نہ لیا۔آپ کا مشہور قول ہے

شیر کی ایک دن کی زندگی، گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے بہتر ہے"۔"

ٹیپو سلطان نہ صرف ایک عظیم جنگجو تھے بلکہ ایک سچے مسلمان، علم دوست اور عوام کے ہمدرد حکمران بھی تھے۔انہوں نے اپنے دورِ حکومت میں کئی اصلاحات کیں اور ریاست میسور کو ترقی دی۔

1799ء میں انگریزوں کے خلاف لڑتے ہوئے وہ شہید ہوگئے، لیکن اپنی آزادی اور غیرت کا سودا نہ کیا۔

ٹیپو سلطان آج بھی ہماری تاریخ کا روشن باب ہیں۔ ہمیں ان جیسے بہادر لوگوں کی زندگی سے سبق لینا چاہیے اور اپنے وطن سے محبت کرنی چاہیے۔

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسہ

مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

والسلام